# پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی۔400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

31 جنوری 2020

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کی سیکشن 35A کے تحت ہدایات
## دی سی کے پی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر

دی سی کے پی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو ریزرو بینک نے اپنے 30 اپریل 2014 کی ڈائریکٹو یو بی ڈی، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر۔ D-34/12.22.035/2013-14 کے ذریعہ 2 مئی 2014 کو کام کے اوقات کے بعد سے پابندیوں (ہدایات) کے تحت رکھا تھا، ان ہدایات کی ویلیڈی کو وقتاً فوقتاً بعد کے ڈائریکٹو کے ذریعہ بڑھایا جاتا رہا۔ پچھلی توسیع 25 اکتوبر 2019 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر۔ D-33/12.22.035/2019-20 کے ذریعہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 31 جنوری 2020 تک کیلئے کی گئی تھی۔

2. اب عوام کی جانکاری کیلئے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی ذیلی سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ 30 اپریل 2014 کی ڈائریکٹو یو بی ڈی، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر D-34/12.22.035/2013-14 جس میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی جاتی رہی ہیں اور جو مندرجہ بالا بینک کو جاری کی جاتی رہی ہیں اور اس کی ویلیڈی کو آخری بار 31 جنوری 2020 تک بڑھایا گیا تھا، یہ ہدایات مزید 2 ماہ کیلئے یعنی یکم فروری 2020 سے 31 مارچ 2020 تک اس بینک پر ویسے ہی لاگو رہیں گی۔ توسیع نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 29 جنوری 2020 کی ڈائریکٹو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-52/12.22.035/2019-20 کے ذریعہ کی گئی ہے۔

3. حوالہ جات ڈائریکٹو کی دیگر شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے، وہ ویسے ہی رہیں گی۔ 29 جنوری 2020 کی ڈائریکٹو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-52/12.22.035/2019-20 جس میں توسیع کا ذکر ہے کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کیلئے رکھی جائے۔

4. مندرجہ بالا توسیع / اور یا ترمیمات کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا اس بینک کی مالیاتی حالت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/1851